**23-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... شبانہ بیگم

------------------------------

**Music**

------------------------------

1۔ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے، سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر شدومد کے ساتھ انتخابی مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔

2۔ وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے چھتیس گڑھ میں نکسل واد کو جڑ سے ختم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

3۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کا کہنا ہے کہ ان کی پارٹی کے ذریعے مجوزہ ذات پر مبنی مردم شماری کا مقصد لوگوں کی زندگیوں کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل کرنا ہے۔

4۔ دلی کی ایک عدالت نے وزیراعلیٰ اروند کجریوال اور BRS کی لیڈر کے کویتھا کی عدالتی تحویل میں سات مئی تک توسیع کر دی ہے۔

5۔ ملیشیا میں بحریہ کے دو ہیلی کاپٹر فضا میں ٹکرا گئے، جس میں عملے کے دس افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔

6۔ اور کھیل کود میں، چین کے شنگھائی میں تیر اندازی کے عالمی کپ کا آغاز ہو گیا ہے۔ بھارتی خواتین کی ٹیم، کوالیفکیشن راؤنڈ میں بہترین ٹیم رہی۔

------------------------------

**Music**

------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**LS Campaign**

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم پورے زوروں پر ہے، جو کل ختم ہو جائے گی۔ ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر ملک بھر میں کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔ اِس مرحلے کے لیے جمعہ کے روز 13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 89 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے چھتیس گڑھ کے Janjgir چمپا لوک سبھا حلقے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ NDA کی ترجیح غریب، نوجوان، خواتین اور کسانوں کی بہبود ہے۔ انہوں نے Mahasamund لوک سبھا حلقے کے تحت Dhamtari قصبے میں بھی ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

S/B - 2100-PM Modi - Naxalism

اس سے قبل جناب مودی نے راجستھان کے ٹونک-سوائی مادھوپور لوک سبھا حلقے کے Uniara میں ایک انتخابی ریلی سے بھی خطاب کیا۔ دوسری جانب آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے آج اُدئے پور میں ایک پریس کانفرنس کی۔ مدھیہ پردیش میں، BJP کے قومی صدر جے پی نڈا نے بہت سے انتخابی جلسوں سے خطاب کیا۔ ریوا میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کے لیے ہمیں ایک پائیدار، مستحکم اور فیصلہ ساز حکومت کی ضرورت ہے۔ کرناٹک میں کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے Chitradurga میں ایک عوامی ریلی منعقد کی۔ اِس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے کانگریس کی قومی جنرل سکریٹری نے بے روزگاری اور قیمتوں میں اضافے کا معاملہ اٹھایا۔

S/B - 2100 - Priyanka Gandhi Unemployment

کانگریس کی جنرل سکریٹری نے یہ بھی الزام لگایا کہ مرکزی حکومت اپوزیشن پارٹیوں کے زیر اقتدار ریاستوں کو فنڈز جاری نہیں کر رہی ہے۔ دوسری جانب BJP کے کرناٹک کے صدر DY وجیندرا نے کرناٹک میں کانگریس کے زیر قیادت ریاستی سرکار کی خواتین کو تحفظ فراہم کرنے میں ان کی ناکامی کے لیے تنقید کی۔ کیرالہ میں کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے آج شام Wayand میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب کھڑگے نے کہا کہ کانگریس کا منشور غریب، نوجوان، کسانوں اور خواتین کے لیے ہے۔ اس سے قبل Chengannur میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب کھڑگے نے کہا کہ کانگریس ایک ذات پر مبنی ملک گیر مردم شماری، معاشرے کو تقسیم کرنے کے لیے نہیں کرے گی بلکہ یہ عوام کی زندگیوں، تعلیم اور آمدنی کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل کرنے کے لیے ہوگی۔ مغربی بنگال میں سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے رائے گنج پارلیمانی حلقے میں ایک عوامی میٹنگ کی۔ اِس سے قبل انہوں نے پارٹی کے دکشن مالدہ کے امیدوار کی حمایت میں مالدہ ٹاؤن میں ایک روڈ شو میں شرکت کی۔×

## UP Poll Round UP

اتر پردیش میں انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم کے ختم ہونے سے ایک روز قبل سیاسی پارٹیاں زور و شور کے ساتھ انتخابی مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ BJP، BSP اور سماج وادی پارٹی کے سرکردہ لیڈروں نے ریاست کے مغربی حصے میں اپنی پارٹی کی امیدواروں کے لیے انتخابی مہم کی، جہاں اس مہینے کی 26 تاریخ کو لوک سبھا کی آٹھ سیٹوں پر پولنگ ہوگی۔ سینئر BJP لیڈر راج ناتھ سنگھ نے آج گوتم بدھ نگر ضلعے میں پارٹی امیدوار مہیش شرما کے لیے انتخابی مہم کی۔ ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوئیڈا، جو اس سے قبل اتر پردیش کے بدعنوانی کے مرکز کے طور پر جانا جاتا تھا، اب ریاست کا کاروباری مرکز بن گیا ہے۔ اب اترپردیش، اپنے امن و قانون کی صورتحال، ترقی، سرمایہ کاری اور اچھی حکمرانی کے لیے معروف ہے۔

سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھیلیش یادو نے علی گڑھ ضلعے میں، SP-کانگریس اتحاد کے امیدوار، علی گڑھ سے بجیندر سنگھ اور ہاتھرس سے جسویر بالمیکی، کے لیے ریلی منعقد کی۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ان لوگوں کے خلاف ووٹ دیں جو نفرت پھیلاتے ہیں۔ سینئر BJP لیڈر اور اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے پارٹی امیدوار اور معروف اداکار ارون گوویل کے لیے میرٹھ میں ایک روڈ شو کیا۔ اِس سے قبل دن میں انہوں نے مغربی اترپردیش کے امروہہ اور باغپت ضلعوں میں ریلیوں سے خطاب کیا۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے بھی پارٹی امیدوار دیوبرت تیاگی کی حمایت میں میرٹھ ضلع میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔

علیحدہ ریاست کا سیاسی حربہ استعمال کرتے ہوئے مایاوتی نے کہا کہ اگر ان کی پارٹی اقتدار میں آتی ہے تو مغربی اترپردیش ایک الگ ریاست بنے گا، نیز یہ کہ وہ میرٹھ میں ہائی کورٹ کی ایک برانچ قائم کرنے کی کوشش کریں گی ۔×

## Congress Patna Sahib

آنے والے لوک سبھا انتخابات کے لیے پٹنہ صاحب حلقے سے ڈاکٹر انشل اوی جیت کو کانگریس کا امیدوار بنایا گیا ہے۔ مرکزی انتخابی کمیشن نے آج ڈاکٹر انشل اوی جیت کی امیدواری کو منظوری دے دی۔ پٹنہ صاحب سیٹ پر ڈاکٹر اوی جیت کا مقابلہ BJP لیڈر روی شنکر پرساد سے ہوگا۔×

## J&K Constituency Profile

جموں و کشمیر میں، 26 اپریل کو منعقد ہونے والے عام انتخابات کے دوسرے مرحلے میں 5- جموں - سانبا-ریاسی لوک سبھا سیٹ کے 17 لاکھ 81 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان، 22 امیدوروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ چناؤ میدان میں 22 امیدوار ہیں، البتہ اصل مقابلہ BJP اور کانگریس کے درمیان ہے۔ جموں لوک سبھا حلقہ، بھارتی سیاست میں اپنے نمایاں اثر کے لیے ایک معروف سیاسی پاوَر ہاؤس ہے۔ جموں ایک متنوع آبادی کی عکاسی کرتا ہے اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کا ایک اہم حلقہ ہے۔ 5-جموں-سانبا پارلیمانی حلقے کے لیے جو امیدوار میدان میں ہیں اُن میں بہوجن سماج پارٹی کے جگدیش راج، بھارتی جنتا پارٹی کے جُگل کشور شرما، انڈین نیشنل کانگریس کے رمن بھلاّ، جے اینڈ کے نیشنلسٹ پیپلز فرنٹ سے سوامی دیوانند اور جے اینڈ کے پیپلز کانفرنس کے رتن لال شامل ہیں۔

5-جموں پارلیمانی حلقہ تین اضلاع پر محیط ہے جس میں، جموں، سانبا اور ریاسی شامل ہیں۔ یہاں 17 لاکھ 81 ہزار 545 رائے دہندگان ہیں جن میں سے 9 لاکھ 21 ہزار 462 مرد اور 8 لاکھ 60 ہزار 55 خواتین نیز 28 مخنث رائے دہندگان ہیں۔ اِس حلقے میں دو ہزار 416 پولنگ اسٹیشن ہیں اور 18 اسمبلی حلقے ہیں۔ 2014 اور 2019 میں BJP نے جموں پارلیمانی حلقے میں جیت حاصل کی تھی، جہاں موجودہ رکن پارلیمنٹ جگل کشور شرما فاتح رہے تھے۔

2019 میں عام اسمبلی انتخابات میں، جموں میں زبردست مقابلہ ہوا تھا۔ BJP کے امیدوار جُگل کشور نے 2019 کے عام انتخابات میں تین لاکھ دو ہزار 875 ووٹوں کے اوسط سے جیت حاصل کی تھی جبکہ انہیں مجموعی طور پر 8 لاکھ 58 ہزار 66 ووٹ حاصل ہوئے تھے۔

جُگل کشور نے انڈین نیشنل کانگریس کے رمن بھلا کو شکست دی تھی، جنہیں پانچ لاکھ 55 ہزار 191 ووٹ ملے تھے۔ 2014 میں جگل کشور شرما نے کانگریس امیدوار مدن لال شرما کو ہرایا تھا۔

جگل کشور شرما، جنہوں نے 2014 اور 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں کامیابی حاصل کی تھی، اب تیسری مدت کے لیے چناؤ میدان میں ہے۔

جموں لوک سبھا حلقہ، بھارتی سیاست میں اپنے نمایاں اثر کے لیے ایک معروف سیاسی پاوَر ہاؤس ہے۔ جموں ایک متنوع آبادی کی عکاسی کرتا ہے اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کا ایک اہم حلقہ ہے۔ 5-جموں-سانبا پارلیمانی حلقے کے لیے جو امیدوار میدان میں ہیں اُن میں بہوجن سماج پارٹی کے جگدیش راج، بھارتی جنتا پارٹی کے جُگل کشور شرما، انڈین نیشنل کانگریس کے رمن بھلاّ، جے اینڈ کے نیشنلسٹ پیپلز فرنٹ سے سوامی دیوانند اور جے اینڈ کے پیپلز کانفرنس کے رتن لال شامل ہیں۔ 5-جموں پارلیمانی حلقہ تین اضلاع پر محیط ہے جس میں، جموں، سانبا اور ریاسی شامل ہیں۔ یہاں 17 لاکھ 81 ہزار 545 رائے دہندگان ہیں جن میں سے 9 لاکھ 21 ہزار 462 مرد اور 8 لاکھ 60 ہزار 55 خواتین نیز 28 مخنث رائے دہندگان ہیں۔

اِس حلقے میں دو ہزار 416 پولنگ اسٹیشن ہیں اور 18 اسمبلی حلقے ہیں۔ 2014 اور 2019 میں BJP نے جموں پارلیمانی حلقے میں جیت حاصل کی تھی، جہاں موجودہ رکن پارلیمنٹ جگل کشور شرما فاتح رہے تھے۔

2019 میں عام اسمبلی انتخابات میں، جموں میں زبردست مقابلہ ہوا تھا۔ BJP کے امیدوار جُگل کشور نے 2019 کے عام انتخابات میں تین لاکھ دو ہزار 875 ووٹوں کے اوسط سے جیت حاصل کی تھی جبکہ انہیں مجموعی طور پر 8 لاکھ 58 ہزار 66 ووٹ حاصل ہوئے تھے۔ جُگل کشور نے انڈین نیشنل کانگریس کے رمن بھلا کو شکست دی تھی، جنہیں پانچ لاکھ 55 ہزار 191 ووٹ ملے تھے۔ 2014 میں جگل کشور شرما نے کانگریس امیدوار مدن لال شرما کو ہرایا تھا۔

جگل کشور شرما، جنہوں نے 2014 اور 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں کامیابی حاصل کی تھی، اب تیسری مدت کے لیے چناؤ میدان میں ہے۔

## Manipur Poll

منی پور میں، لوک سبھا انتخابات 2024 کے دوسرے مرحلے کے لیے پولنگ کی ٹیموں نے دور دراز کے علاقوں میں نامزد پولنگ اسٹیشنوں کے لیے اپنا سفر شروع کر دیا ہے۔منی پور کے Pherzawl ضلع کےضلعی انتخابی دفتر نے آج Tuibong سے پولنگ کی ٹیموں کے پہلے بیچ کو روانہ کیا۔ باہری منی پور پارلیمانی حلقے کے تحت Tipaimukh اسمبلی حلقے کے 16 دور دراز کے پولنگ اسٹیشنوں کے لیے تعینات کردہ پولنگ کی ٹیموں کو بھارتی فضائیہ کے ایک ہیلی کاپٹر میں EVMs کے ساتھ روانہ کیا گیا۔ یہ پولنگ اسٹیشن تعیناتی کے مراکز سے 260 کلومیٹر سے زیادہ دوری پر واقع ہیں اور وہاں تک بہتر سڑک رابطہ نہیں ہے۔منی پور کے Pherzawl ضلع کے تحت 15 اسٹیشنوں کے لیے پولنگ کی ٹیمیں، سڑک کے راستے آج اپنے متعلقہ منزلوں کی جانب روانہ ہوگئیں۔

Pherzawl ضلع کے تحت دو اسمبلی حلقوں کے پولنگ اسٹیشنوں کے لیے باقی ماندہ ٹیموں کو کل سڑک کے راستے روانہ کیا جائیگا۔×

## Prez AIIMS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اعلیٰ معیار کی طبی تعلیم اور خدمات کے التزام کیلئے ایمس کی ستائش کی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ آل انڈیا میڈیکل سائنس ایمس کے ذریعے عالمی معیار کی تعلیم اور میڈیسن کے شعبے میں بہترین خدمات فراہم کرنا ایک قومی حصولیابی ہے۔

صدر جمہوریہ مرمو آج ایمس رشی کیش میں منعقدہ چوتھی تقسیمِ اسناد تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔

انھوں نے طلباء سے زور دے کر کہا کہ وہ تا عمر سیکھنے کے عزم کے ساتھ میڈیکل سائنسز میں آئے دن ہو رہی تبدیلیوں کے ساتھ ہم آہنگ کریں۔ x

## RBI Bulletin GDP Growth

بھارتیہ ریزرو بینک (RBI) کے اپریل کے بلیٹن کے مطابق سرمایہ کاری میں زبردست مانگ اور کاروبار میں تیزی نیز صارفین کے رجحانات کے تناظر میں مجموعی گھریلو پیداوار کی حقیقی شرحِ ترقی میں بڑھوتری کا رجحان مزید برقرار رہنے کے لئے راہ ہموار ہو رہی ہے۔ معیشت کی صورتحال کے عنوان سے تحریر کردہ مضمون میں کہا گیا ہے کہ صارفین کی قیمتوں کے اشاریہ کا افراطِ زر جنوری اور فروری میں اوسطاً 5 اعشاریہ ایک فیصد تھا جبکہ مارچ میں یہ 4 اعشاریہ 9 فیصد پر ٹھہر گیا۔ رپورٹ میں البتہ خبردار کیا گیا ہے کہ موسم میں شدت کی صورتحال نیز دیرپا جغرافیائی سیاسی کشیدگی کے مدنظر افراطِ زر میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ x

## PIB RBI CLAIM

مرکزی حکومت نے آدھار بینکنگ میں، ایک مہینے میں کم از کم ایک بار پیسے کے لازمی لین دین کے دعوؤں کو مسترد کر دیا ہے۔ ان دعوؤں کو جھوٹا قرار دیتے ہوئے، PIB کے حقاء کا پتہ لگانے کے یونٹ نے اِس بات کو مسترد کیا کہ بھارت کے ریزرو بینک کے ذریعے نئی اپ-ڈیٹس نے لوگوں کے لیے اِس بات کو لازمی قرار دیا ہے کہ وہ آدھار کے ذریعے ہر مہینے پیسے کا لین دین کریں۔ اُس نے مزید کہا کہ ایسا نہ کرنے سے صارف کے آدھار کے لین دین کی سہولت کو لاک نہیں کیا جائے گا، جیسا کہ دعوی کیا گیا ہے۔ PIB نے واضح کیا کہ کھاتے داروں کے لیے اِس طرح کے کوئی بھی رہنما خطوط جاری نہیں کیے گئے ہیں۔ x

## COURT Kejriwal and Kavitha

دلّی کی راؤز اوینیو کورٹ نے منسوخ شدہ دلّی ایکسائز پالیسی سے جڑے منی لانڈرنگ کیس کے سلسلے میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال اور بھارت راشٹر سمیتی، BRS کی لیڈر کویتا کی عدالتی تحویل 7 مئی تک بڑھا دی ہے۔ راؤز اوینیو کورٹ کی خصوصی جج کاویری بویجا نے تہاڑ جیل کے حکام سے جناب کجریوال اور محترمہ کویتا کو 7 مئی کو ورچوئل کانفرنسنگ کے ذریعہ دن میں دو بجے پیش کرنے کے لیے کہا ہے۔ ایک روز قبل کورٹ نے عام آدمی پارٹی کے لیڈر اروند کجریوال کی عرضی خارج کر دی تھی، جس میں انھوں نے اپنی اہلیہ سُنیتا کجریوال کی موجودگی میں روزانہ 15 منٹ اپنے ڈاکٹر سے طبی مشورے کیلئے ملنے کی اجازت مانگی تھی۔

دہلی ہائی کورٹ نے اروند کجریوال کو انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے سخت کارروائی کے سلسلے میں کوئی چھوٹ دینے سے انکار کر دیا تھا، جس کے بعد ED نے انھیں 21 مارچ کو گرفتار کرلیا تھا۔ تلنگانہ کی MLC اور سابق وزیر اعلیٰ K چندر شیکھر راؤ کی بیٹی کویتا کو ED نے 15 مارچ کو گرفتار کیا تھا۔ x

## EAM ASEAN Future Forum

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا کہ بھارت کو پورا یقین ہے کہ جنوب- مشرقی ایشیائی ملکوں کی تنظیم، آسیان، بھارت-بحرالکاہل کے ابھرتے ہوئے علاقائی خاکے میں ایک تعمیری رول ادا کر سکتی ہے۔ پہلی آسیان فیوچر فورم سے ورچوئل طور پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کی بھارت-بحرالکاہل پہل اور بھارت- بحرالکاہل سے متعلق آسیان آؤٹ نظریے کے درمیان تال-میل، تعاون کا ایک مستحکم لائحہ عمل فراہم کرتا ہے، جس میں جامع سکیورٹی کو شامل کرنا اور اس پر توجہ مرکوز کرنا شامل ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی مشرق نواز پالیسی میں آسیان مرکزی حیثیت رکھتا ہے اور یہ بھارت کے وسیع تر بھارت-بحرالکاہل مشن کا ایک اہم ستون ہے۔×

## Rev Malasiya Helicopter Crash

ملیشیا میں، فضاء میں دو ہیلی کاپٹروں کے ایک دوسرے سے ٹکرانے کے باعث عملے کے کم از کم دس افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ حادثہ آج بحریہ کی پریڈ کے لیے ایک مشق کے دوران پیش آیا۔ رائل ملیشیائی بحریہ نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ ملیشیا کی شمالی Perak اسٹیٹ میں قائم ایک بحری بیس پر آنے والی 90ویں سالگرہ تقریبات کے لیے ایک مشق کے دوران پیش آیا۔×

## Archery World Cup

تیر اندازی عالمی کپ 2024 کا آج سے چین کے شہر شنگھائی میں آغاز ہوگیا۔ بھارتیہ تیر انداز جیوتی سریکھا Vennam نے خواتین کے کمپاؤنڈ کوالیفکیشن راؤنڈ کے پہلے مرحلے میں دوسرا مقام حاصل کیا۔ ایشیائی کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والی 27 سالہ جیوتی سریکھا نے 711 پوائنٹس حاصل کئے جبکہ میکسکو کی Andrea Becerra، 713 پوائنٹس کے ساتھ اول مقام پر رہیں۔

اس دوران بھارت کی موجودہ عالمی چمپئن ادیتی سوامی کوالیفائنگ راؤنڈ میں 704 پوائنٹس کے ساتھ 8 ویں مقام پر رہیں جبکہ دو دیگر بھارتیہ تیر انداز پرینت کور نے 703 اور اونیت کور نے 696 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب

14 واں اور 23 واں مقام حاصل کیا۔

بھارت کی سب سے زیادہ اسکور کرنے والی تین خواتین تیر اندازوں وینم، سوامی اور پرینت پرمشتمل ٹیم 2 ہزار 118 کے مجموعی اسکور کے ساتھ کوالیفائنگ راؤنڈ کی بہترین ٹیم رہی۔

اس طرح بھارتیہ ٹیم اولین درجے کی ٹیم کے طور پر مقابلے کی شروعات کرے گی۔ جنوبی کوریا کی ٹیم دو ہزار 117 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے اور میکسکو دو ہزار 116 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے۔

البتہ مردوں کے کمپاؤنڈ کوالیفکیشن راؤنڈ میں کوئی بھی بھارتیہ تیر انداز انفرادی مقابلے میں اولین 10 کی فہرست میں نہیں آسکا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆